مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

حضرت محمد پر اور تابعداروں محمد کے پر ۔ جیسے کہ رحمت بھیجی تونے تابعداروں ابراہیم پر

وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اور برکت اوتار اوپر محمد کے اور اوپر تابعداروں محمد کے جیسیکہ برکت اوتاری تونے تابعداروں

فِى الْعَالَمِيْنَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ م د ت س اَللّٰهُمَّ صَلِّ

کہ پیغمبر ہیں بیچ عالموں کے تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے ۔ یا اللہ رحمت خاص

عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ د س كَمَا صَلَّيْتَ

بھیج محمد پر کہ نبی امی ہیں اور اوپر تابعداروں محمد کے ۔ جیسے کہ رحمت

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ

بھیجی تونے ابراہیم پر اور برکت اوتار اوپر محمد نبی امی کے جیسے کہ برکت اوتاری تونے

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ س اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے ف ل یا اللہ رحمت خاص بھیج

مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

محمد پر اور برکت اوتار اوپر محمد کے اور اوپر تابعداروں محمد کے جیسیکہ رحمت بھیجی تونے اور برکت اوتاری

عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ فَاَقْبَلَ رَجُلٌ حَتّٰی جَلَسَ

ابراہیم پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے آیا ایک آدمی یہاں تک کہ بیٹھا

بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَہٗ

آگے حضرت رسول خدا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور ہم یعنی صحابہ نزدیک حضرت کے تھے

فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَمَّا السَّلَامُ عَلَیْکَ فَقَدْ عَرَفْنَاہُ فَکَیْفَ

پس عرض کیا اوسنے اے رسول خدا کے اے پر سلام بھیجنا تمپر پس تحقیق پہچانا ہمنے اسکو پس کیونکر

نُصَلِّیْ عَلَیْکَ اِذَا نَحْنُ صَلَّیْنَا عَلَیْکَ فِیْ صَلٰوتِنَا صَلَّی اللّٰہُ

درود بھیجیں ہم تمپر جب ہم درود بھیجیں تمپر بیچ نماز اپنی کے رحمت خدا کی ہووے

عَلَیْکَ قَالَ فَصَمَتَ حَتّٰی اَحْبَبْنَا اَنَّ الرَّجُلَ لَمْ یَسْاَلْہُ

تمپر کہا ابو سعید انصاری راوی نے پس چپکے رہے حضرت یہاں تک کہ دوست رکھا ہمنے کہ کاشکے یہ آدمی نہ پوچھتا تمپر

مس ثُمَّ قَالَ اِذَا صَلَّیْتُمْ عَلَیَّ فَقُوْلُوا اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

مسلم سے پھر فرمایا حضرت نے جب درود بھیجو تم مجھپر پس کہو یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

نبی ان پڑھ کے اور اوپر تابعداروں محمد کے جیسے کہ رحمت بھیجی تو نے اوپر ابراہیم کے

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اور اوپر تابعداروں ابراہیم کے اور برکت اوتار اوپر محمد نبی ان پڑھ کے

وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ

اور اوپر تابعداروں محمد کے جیسے کہ برکت اوتاری تو نے ابراہیم پر اور اوپر تابعداروں

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ حب مس اَمَنْ سَرَّہٗ اَنْ

ابراہیم کے تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے ف جسکو خوش آوے یہ کہ

یُّکْتَالَ بِالْمِکْیَالِ الْاَوْفٰی اِذَا صَلّٰی عَلَیْنَا اَھْلَ الْبَیْتِ

ماپے ثواب گویا ساتھ ماپنے پورے کے جب کہ درود بھیجے ہمپر کہ اہل بیت نبوت کے ہیں

فَلْیَقُلِ اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ

پس چاہیے کہ پڑھے یا اللہ رحمت خاص بھیج اوپر محمد نبی کے اور اوپر بیبیوں اونکی کے کہ مائیں ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اٰلِ

ایمان والونکی اور اوپر اولاد اونکی کے اور اوپر اہل بیت اونکے کے جیسیکہ رحمت بھیجی تونے

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ف مَنْ صَلّٰى عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّقَالَ

ابراہیم کے تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے ف جو کوئی درود بھیجے اوپر محمد کے اور کہے

اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَجَبَتْ

بعد درود کے یا اللہ اوتار اونکو اوس مقام میں کہ نزدیک کیا جاوے نزدیک تیری دن قیامت کے واجب ہووے

لَهٗ شَفَاعَتِيْ رطس ثُمَّ لْيَتَخَيَّرْ مِنَ الدُّعَاۤءِ مَا اَعْجَبَهٗ اِلَيْهِ

اوسکے لیئے شفاعت میری پھر چاہیئے کہ اختیار کرے دعا سے جو کہ پسندیدہ تر ہو طرف اوسکے

فَيَدْعُوْ خ وَلْيَسْتَعِذْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ

پس دعا کرے اور چاہیئے کہ پناہ مانگے یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتہ تیری عذاب دوزخ

وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ

کیسے اور عذاب قبر کے سے اور فتنے زندگانی سے اور فتنے موت کیسے اور برائی فتنے کانے

الدَّجَّالِ م عه حب اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ

دجال کی سے　یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے عذاب

الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ

قبر کیسے اور پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے فتنے کانے دجال کے سے اور پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے

مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَ

فتنے زندگانی اور موت کے سے　یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہون ساتہ تیرے گناہ سے اور

الْمَغْرَمِ خ م د س اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَآ اَخَّرْتُ وَمَا

قرض سے ف　یا اللہ بخش میرے لیئے وہ گناہ کہ پہلے کیئے ہین مینے اور وہ کہ پیچھے کیئے مینے

اَسْرَرْتُ وَمَآ اَعْلَنْتُ وَمَآ اَسْرَفْتُ وَمَآ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ

پوشیدہ کیئے مینے اور وہ کہ ظاہر کیئے مینے اور جو کچھ کہ فضول خرچی کی مینے اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننے والا ہے

اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ م د ت س

تو ہی آگے کرنیوالا اور تو ہی پیچھے ڈالنے والا نہین کوئی معبود مگر تو

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ

یا اللہ تحقیق میں نے ظلم کیا جان اپنی پر ظلم کرنا بہت اور نہیں بخشتا گناہوں کو کوئی سوا تیرے

فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

پس بخش مجھکو بخشنا خاص نزدیک اپنے سے اور رحم کر مجھپر تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے

خ م ت س ق اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ یَا اَللّٰہُ الْاَحَدُ

ف یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے اے خدا اے یگانہ بے

الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ

نیاز وہ جو نہیں جنتا اور نہ جنا گیا اور نہیں ہے اوسکے لیئے کوئی ہمسر یہ کہ بخشے تو میرے

ذُنُوْبِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ د س مس اَللّٰھُمَّ حَاسِبْنِیْ

گناہ میرے تحقیق تو بخشنے والا مہربان ہے یا اللہ حساب کر مجھے

حِسَابًا یَّسِیْرًا مس اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ

حساب آسان یعنی دن قیامت کو ف یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب دوزخ کے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ

اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب قبر کے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے فتنہ کانے دجال

الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ م ولیقل

کے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے فتنے زندگانی اور مرنے کیسے اور چاہیئے کہ کہے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنَ الْخَیْرِ کُلِّہٖ مَا عَلِمْتُ مِنْہُ وَمَا لَمْ اَعْلَمْ

یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھسے تمام بھلائی کہ میں جانتا ہوں میں اوسکو اور جو نہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَیْرِ مَا سَأَلَكَ بِہٖ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے بھلائی امر خیر کی کہ مانگا تجھسے اوسکو بندوں نیکبخت تیرے نے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْہُ عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ

اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے برائی امر شر کی سے کہ پناہ پکڑی اوس سے اچھے بندوں تیرے نے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا

اے پروردگار ہمارے دے ہمکو دنیا میں بھلائی اور عاقبت میں بھلائی اور بچا ہمکو

عَذَابَ النَّارِ رَبَّنَا اِنَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ
عذاب آگ کیسے اے رب ہمارے تحقیق ہم ایمان لائے پس بخش واسطے ہمارے گناہ ہمارے اور بچا ہمکو عذاب
النَّارِ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
آگ کیسے اے رب ہمارے اور دے ہمکو وہ چیز کہ وعدہ کیا ہے تونے ہمسے اوپر زبان پیغمبرون اپنی کے اور نہ خوار کر
اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ موص سَيِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ يَّقُوْلَ الرَّجُلُ
تحقیق تو نہین خلاف کرتا ہی وعدے کو سردار استغفار کا یہ ہے کہ کہے آدمی
اِذَا جَلَسَ فِيْ صَلٰوتِهِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ
جسوقت کہ بیٹھے نماز اپنی مین یا اللہ تو پروردگار میرا ہے نہین کوئی معبود سوا تیرے پیدا کیا تو نے
وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ
اور مین بندہ تیرا ہون اور مین اوپر عہد تیرے کے ہون اور وعدے تیرے کے ہون بقدر طاقت اپنی کے پناہ پکڑتا ہون
مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ
ساتہ تیرے برائی کرتوت اپنی کی سے اقرار کرتا ہون مین ساتہ نعمت تیری کے کہ مجھپر ہے اور اقرار کرتا ہون مین ساتہ گناہ اپنے
اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ رو اِذَا سَلَّمَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
تحقیق نہین بخشتا گناہون کو کوئی مگر تو اور جب سلام پھیرے پڑھے نہین کوئی معبود مگر اللہ
وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ
ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسی کیلیے بادشاہت ہے اور اوسی کیلیے سب تعریف ہے جلاتا ہے اور مارتا
الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا
بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے یا اللہ نہین کوئی روک رکھنے والا اسچیز کا کہ دی تو نے
مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ خ م د س ر
اور نہین کوئی دینے والا اوسچیز کو کہ روکی تو نے اور نہین فائدہ دیتی ہے دولتمند کو عذاب تیرے سے دولتمندی
طی او لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
ط نہین کوئی معبود مگر اللہ ایک ہے وہ نہین کوئی شریک اوسکا اوسی کیلیے بادشاہت ہے اور اوسی
الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ خ س ا وَمَرَّةً
کیلیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے تین بار یا ایکبار بھی کلمہ پڑہے

وَبَعْدَهٗ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا

اور بعد اسکے پڑھے نہیں ہے پھر جانا ہونیو اور نہ قوت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ کے نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور نہیں

اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اوسی کو اوسی کیلئے انعام ہے اور اوسی کیلئے ہے فضل اور اوسی کیلئے ہے تعریف اچھی نہیں کوئی معبود مگر

اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ م د س م ص

اللہ درحالیکہ خالص کرنیوالے ہیں ہم واسطے اوسکے دین کو اور اگرچہ برا جانیں کافر

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

استغفر اللہ تین بار پڑھے اور پھر کہے یا اللہ تو سالم ہے سب عیبوں سے اور تجھ سے سلامتی ہے

تَبَارَكْتَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ م ع ه ط ى سُبْحَانَ اللّٰهِ

بہت برکت والا ہے تو اے صاحب بزرگی اور بخشش کے ف پڑھے سبحان اللہ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ لِيَكُوْنَ مِنْهُنَّ كُلِّهِنَّ ثَلٰثًا وَّ

والحمد للہ واللہ اکبر تو کہ ہوں ان کلمات سے تمام اونکے تینتیس

ثَلٰثِيْنَ مَرَّةً خ م س اَوْ اِحْدٰى عَشْرَةَ وَاِحْدٰى عَشْرَةَ

یا گیارہ بار سبحان اللہ اور گیارہ

وَاِحْدٰى عَشْرَةَ فَذٰلِكَ كُلُّهٗ ثَلٰثَةٌ وَّثَلٰثُوْنَ م وَعَشْرًا عَشْرًا

بار الحمد للہ اور گیارہ بار اللہ اکبر کہیں یہ سب تینتیس ہوئے یا دس بار سبحان اللہ دس بار الحمد للہ

عَشْرًا خ مَنْ سَبَّحَ اللّٰهَ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَحَمِدَ اللّٰهَ

دس بار اللہ اکبر جو کوئی سبحان اللہ پڑھے پیچھے ہر نماز فرض کے تینتیس بار اور الحمد للہ

ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ وَكَبَّرَ اللّٰهَ ثَلٰثًا وَّثَلٰثِيْنَ ثُمَّ قَالَ تَمَامَ الْمِائَةِ

تینتیس بار اور اللہ اکبر تینتیس بار پھر کہے پورا کرنے سینکڑے کیلئے لا الٰہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

الا اللہ آخر تک کہ معنے یہ ہیں نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہیں کوئی شریک واسطے اوسکے اوسی کیلئے بادشاہت ہے

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ غُفِرَتْ خَطَايَاهُ وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ

اور اوسی کیلئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے بخشے جاتے ہیں گناہ اوسکے اور اگرچہ ہوں مانند

زبد البحر (س) معقبات لا یخیب قائلهن او فاعلهن دبر

جھاگ دریا کے کتنے کلمے پیچھے آنیوالے نہیں محروم ہوتا ہے کہنے والا انکا یا کرنیوالا انکا پیچھے

كل صلوة مكتوبة ثلث وثلثون تسبيحة وثلث وثلثون

ہر نماز فرض کے تینتیس بار سبحان اللہ پڑھنا ہے اور تینتیس بار

تحميدة واربع وثلثون تكبيرة (م ت س) من سبح دبر كل صلوة

الحمد للہ اور چونتیس بار اللہ اکبر جو کوئی سبحان اللہ پڑھے پیچھے ہر نماز

مكتوبة مائة وكبر مائة وهلل مائة وحمد مائة

فرض کے سو بار اور اللہ اکبر پڑھے سو بار اور لا الہ الا اللہ پڑھے سو بار اور الحمد للہ پڑھے

غفر له ذنوبه وان كانت اكثر من زبد البحر (س) او

بخشے جاتے ہیں اوسکے لئے گناہ اوسکے اور اگرچہ ہوں گناہ بہت جھاگ دریا کی سے یا

من كل خمسا وعشرين (س حب مص) او من كل من

ہر ایک چاروں تسبیح کو پڑھے پچیس پچیس بار یا ہر ایک

التسبيح والتحميد ثلثا وثلثين والتكبير اربعا وثلثين

سبحان اللہ اور الحمد للہ تینتیس تینتیس بار اور اللہ اکبر چونتیس بار پڑھے

ولا اله الا الله عشر مرات (ت س) وكذلك والتكبير

اور لا الہ الا اللہ دس بار یا پڑھے اسی طرح اور تکبیر بھی

ثلثا وثلثين (س) او من كل من التسبيح والتحميد والتكبير

تینتیس بار یا ہر ایک تسبیح اور تحمید اور تکبیر سے

مائة مائة مع لا اله الا الله وحده لا شريك له ولا حول

سو سو بار پڑھے ساتھ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ولا حول

ولا قوة الا بالله لو كانت خطاياه مثل زبد البحر لمحتها

ولا قوۃ الا باللہ کے اگر ہوویں گناہ پڑھنے والے ان کلمات کے مانند جھاگ دریا البتہ مٹادیں

او اية الكرسي دبر كل صلوة مكتوبة لم يمنعه من

اور جو کوئی پڑھے آیۃ الکرسی پیچھے ہر نماز فرض کے نہیں منع کرتی ہے اوسکو

دُخُولِ الْجَنَّةِ اِلَّا اَنْ تَمُوْتَ س حب ى كَانَ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ

داخل ہونے بہشت کے سے کوئی چیز مگر موت ہووےگا بیچ امان اور محافظت خدا

اِلَى الصَّلٰوةِ الْاُخْرٰى ط وَلْيَقْرَأِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ دُبُرَ كُلِّ صَلٰوةٍ

کے نماز دوسری تلک ف اور چاہیے کہ پڑھے قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پیچھے ہر

ت د س حب مس ى اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْجُبْنِ

نماز کے یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے نامردی سے

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ

اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے اس سے کہ پھیر جاؤں طرف خوار تر عمر کے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے

فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ خ ت س رَبِّ

فتنے دنیا کے سے اور پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب قبر کے سے ۲ اے رب میرے

قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ م ع ه اَوْ تَجْمَعُ عِبَادَكَ ع و م ع ه

بچا مجھکو عذاب اپنے سے اوس دن کہ اوٹھاوے تو یا جمع کرے تو بندوں اپنے کو

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ عو اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَئِيْلَ

یا اللہ بخش مجھکو اور مہربانی کر مجھپر اور دکھا مجھکو راہ سیدھی اور رزق دے مجھکو یا اللہ پروردگار جبرئیل

وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ اَعِذْنِيْ مِنْ حَرِّ النَّارِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ

اور میکائیل اور اسرافیل کے بچا مجھکو گرمی آگ کی سے اور عذاب قبر کے سے

طس اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ

یا اللہ بخش میرے لیئے وہ گناہ کہ پہلے کیے ہیں اور جو پیچھے کیے ہیں اور جو پوشیدہ کیے ہیں

وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَفْتُ وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ اَنْتَ

اور جو ظاہر کیے ہیں اور جو فضول خرچی کی ہے اور وہ گناہ کہ تو بہت جاننے والا ہے اسکو مجھسے تو

الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ د م ت حب اَللّٰهُمَّ

آگے کرنیوالا ہے اور تو پیچھے کرنیوالا ہے نہیں کوئی معبود مگر تو یا اللہ

اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ د س حب

مدد کر میری اوپر ذکر اپنے کے اور اوپر شکر اپنے کے اور خوبی عبادت اپنی کے

مس ی اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّکَ الرَّبُّ ۱

ف یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا ہوں کہ تحقیق تو پروردگار

وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ

اکیلا نہیں کوئی شریک تیرا یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا ہوں

اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ

کہ تحقیق محمد درود خدا کا ہو اوپر اور سلام بندے تیرے ہیں اور رسول تیرے

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اَنَا شَھِیْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ کُلَّھُمْ اِخْوَۃٌ

یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا ہوں کہ تحقیق بندے سب آپس میں بھائی ہیں

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ اِجْعَلْنِیْ مُخْلِصًا لَکَ وَاَھْلِیْ فِیْ

یا اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے کر مجھ کو مخلص واسطے اپنے اور اہل میرے کو ہر

کُلِّ سَاعَۃٍ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اِسْمَعْ

ساعت میں امور دنیا میں اور آخرت میں اے صاحب بزرگی اور بخشش کے سن

وَاسْتَجِبْ اَللّٰہُ اَکْبَرُ الْاَکْبَرُ حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

اور قبول کر دعا میری خدا تعالیٰ بہت بڑا ہے بڑا کفایت ہے مجھ کو اللہ اور اچھا ہے کارساز

اَللّٰہُ اَکْبَرُ الْاَکْبَرُ س دی اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ

خدا تعالیٰ بہت بڑا ہے بڑا ف۲ یا اللہ تحقیق میں پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے کفر سے

وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ س مس مص ی اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ

اور محتاجگی سے اور عذاب قبر سے یا اللہ سنوار میرے

لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ جَعَلْتَہٗ عِصْمَۃَ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ

لئے دین میرا وہ کہ کیا ہے تو نے اس کو سبب بچاؤ کام میرے کا اور سنوار میرے لئے دنیا میری وہ

جَعَلْتَ فِیْھَا مَعَاشِیْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ

کہ کی ہے تو نے اس میں معیشت اور زندگانی میری یا اللہ تحقیق پناہ پکڑتا ہوں ساتھ خوشنودی تیری کے

وَاَعُوْذُ بِعَفْوِکَ مِنْ نِقْمَتِکَ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْکَ لَا مَانِعَ

اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ عفو تیرے کے عذاب تیرے سے اور پناہ پکڑتا ہوں ساتھ تیرے عذاب تیرے سے نہیں کوئی منع

آخر تک کذا فی المشکوٰۃ ۱۲

لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اور جو چیز کہ دی تو نے اور نہیں کوئی دینے والا اس چیز کو کہ منع کی تو نے اور نہیں فائدہ دیتی ہے دولتمند کو عذاب

س ح ب اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَائِيْ وَعَمَدِيْ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ

یا اللہ بخش میرے لیے وہ گناہ کہ چوک سے کیا میں نے اور قصد سے کیا میں نے یا اللہ راہ دکھا

لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا وَلَا يَصْرِفُ

مجھکو طرف اچھے عملوں کے اور اچھے خلقوں کے نہیں راہ دکھاتا کوئی طرف اچھے عملوں کی اور نہیں پھیرتا کوئی

سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ر اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ

برے عملوں کو مگر تو یا اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے عذاب دوزخ کے سے

وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِيْحِ

اور عذاب قبر کے سے اور فتنے زندگانی کے سے اور فتنے موت کے سے اور برائی کانے دجال

الدَّجَّالِ ع و م س اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ وَذُنُوْبِيْ كُلَّهَا

کی سے یا اللہ بخش میرے لیے گناہ صغیرہ میرے اور گناہ کبیرہ میرے تمام گناہ

اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِيْ وَاَحْيِنِيْ وَاجْبُرْنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَاهْدِنِيْ

یا اللہ بلند کر مرتبہ میرا اور زندہ رکھ مجھکو اور غنی کر مجھکو اور رزق دے مجھکو اور راہ دکھا مجھکو

لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا

طرف نیک عملوں کے اور نیک خلقوں کے تحقیق نہیں راہ دکھاتا ہے طرف نیک عملوں کی

وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ م س ط ی اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ

اور نہیں پھیرتا ہے برے عملوں کو کوئی مگر تو یا اللہ سنوار میرے لیے دین میرا

وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ط ص سُبْحَانَ

اور فراخ کر میرے لیے معیشت میری گھر میرے میں اور برکت دے میرے لیے بیچ رزق میرے کے پاک ہے پروردگار

رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

تیرا صاحب غلبے کا اس چیز سے کہ بیان کرتے ہیں کافر اور سلام ہو اوپر رسولوں کے اور سب تعریف واسطے اللہ

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ص ی وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کے پروردگار عالموں کے ف اور تھے پیغمبر درود ہو اللہ کا اوپر ان کے اور سلام

إِذَا صَلَّى وَفَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ مَسَحَ بِيَمِيْنِهٖ عَلٰى رَأْسِهٖ وَ

جب نماز پڑھتے اور فرصت پاتے نماز اپنی سے پھیرتے دایاں ہاتھ اپنا سر مبارک کے اوپر اور

قَالَ بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ

کہتے شروع کیا ہوں میں ساتھ نام خدا کے وہ جو نہیں کوئی معبود مگر وہ بخشنے والا مہربان یا اللہ

أَذْهِبْ عَنِّي الْهَمَّ وَالْحُزْنَ ر طس ی وَدُبُرَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ

دور کر مجھسے فکر اور غم اور پڑھے پیچھے نماز صبح کے

وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ ت س طس ی قَبْلَ أَنْ يَّتَكَلَّمَ ت

حال یہ کہ وہ موڑے ہوئے ہو دونوں پاؤں اپنے پہلے کلام کرنے کے

س لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا نہیں کوئی شریک اوسکا اوسی کیلئے بادشاہت ہے اور اوسی کیلئے

يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ

جلاتا ہے اور مارتا ہے بیچ ہاتھ اوسکے کے بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے پڑھے یہ دس

مَرَّاتٍ ت س مِائَةَ مَرَّةٍ طس ی اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ

بار سو بار یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھسے

رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَّافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ص طی وَدُبُرَ

رزق حلال اور علم نفع دینے والا اور عمل مقبول اور پیچھے

صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ وَالصُّبْحِ جَمِيْعًا لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ

نماز مغرب اور صبح دونوں کے پڑھے نہیں کوئی معبود مگر اللہ تنہا ہے وہ

لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ت يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ

نہیں کوئی شریک اوسکا اوسی کے لیئے بادشاہت ہے اور اوسی کیلیئے تعریف ہے جلاتا ہے اور مارتا ہے

اط بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ س

بیچ ہاتھ اوسکے کے بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے دس بار

حب اط قَبْلَ أَنْ يَّنْصَرِفَ وَيَثْنِيَ رِجْلَيْهِ مِنْهُمَا

پڑھے پہلے اس سے کہ پھرے اور کھولے دونوں پاؤں اپنے دونوں کا زانو کی طرح

او بعد صلوتی الصبح والمغرب ایضا قبل ان یتکلم اللھم
اور پڑھے پیچھے نماز صبح اور مغرب کے بھی پہلے کلام کرنے کے یا اللہ
اجرنی من النار سبع مرات دس حب وبعد صلوة
بچا مجھکو آگ سے سات بار اور پڑھے پیچھے نماز
الضحی اللھم بك احاول وبك اصاول وبك اقاتل ی
چاشت کے یا اللہ ساتھ مدد تیری کے مانگتا ہوں مقاصد اپنے اور ساتھ مدد تیری کے حملہ کرتا ہوں دشمنوں پر
واذا دعی الی طعام فلیجب م دت س ق لا سیما ولیمة العرس
اور جب بلایا جاوے کوئی طرف کھانے کی پس چاہیئے کہ قبول کرے اور خصوصًا قبول کرے کھانے شادی کے کو
دق عو فان کان صائما صلی مدت س ودعا وبرك
پس اگر ہووے مہمان روزہ دار دعا کرے اور دعا کرے اور برکت مانگے
دق عو واذا افطر قال ذھب الظماء وابتلت العروق
اور جب افطار کرے پڑھے گئی پیاس بسبب پانی پینے کے اور تر ہوئیں رگیں
وثبت الاجر ان شاء اللہ مد س مس اللھم انی اسالك
اور ثابت ہوا ثواب اگر چاہے اللہ تعالے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھے
برحمتك التی وسعت کل شیء ان تغفرلی ذنوبی مو س
ساتھ وسیلے رحمت تیری کے وہ جو فراخ ہوئی ہے یعنی گھیر لیا ہے ہر چیز کو یہ کہ بخشے تو میرے لیئے گناہ میرے
ق ی فان افطر عند قوم قال افطر عندکم الصائمون و
ف پس اگر افطار کرے نزدیک ایک قوم کے کہے افطار کریں نزدیک تمہارے روزہ دار اور
اکل طعامکم الابرار وصلت علیکم الملئکة وحب د و
کھاویں کھانا تمہارا نیک کار اور بخشش چاہیں اوپر تمہارے فرشتے اور
اذا حضر الطعام فلیسم اللہ ولیاکل مما یلیه بیمینه خ م ت س
جب آوے کھانا پس چاہیئے کہ بسم اللہ کہے اور کھاوے اوس طرف سے کہ قریب اوسکے ہے ساتھ داہنے ہاتھ اپنے
فان الشیطان یستحل الطعام الذی لا یذکر اسم اللہ علیه
پس تحقیق شیطان حلال کرتا ہے اپنے اوپر اوس کھانے کو کہ نہ ذکر کیا جاوے نام خدا کا یعنی بسم اللہ نہ پڑھی جاوے

اور صبح اور مغرب کے بعد قبل کلام کے سات بار یہ دعا پڑھے

مسئلہ روزہ دار افطار کے وقت یہ دعا پڑھے

مسئلہ دعوت

مردس قَالُوا يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّا نَأكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ
عرض کیا صحابہ نے اے رسول خدا کے تحقیق ہم کہاتے ہین اور سیر نہین ہوتے فرمایا حضرتؐ نے پس شاید تم
تَأْكُلُونَ مُتَفَرِّقِينَ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَاجْتَمِعُوا عَلَى طَعَامِكُمْ
کہاتے ہو جدا جدا کہا انہون نے ہان اسیطرح ہے فرمایا حضرتؐ نے پس جمع ہو اوپر کہانے اپنے
وَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ يُبَارَكْ لَكُمْ فِيهِ دق س وَأَمَرَ الصَّحَابَةَ
کے اور یاد کرو نام خدا تعالیٰ کا برکت کیجاوی تمہارے لیئے اوسمین ف اور حکم کیا صحابہ کو
فِي الشَّاةِ الْمَسْمُومَةِ الَّتِي أَهْدَتْهَا إِلَيْهِ الْيَهُودِيَّةُ أَنْ اُذْكُرُوا اسْمَ
بیچ وقت حاضر ہونے گوشت بکری زہر ملائی گئی کے وہ جو بہیجا تہا اوسکو طرف پیغمبر صلعم کی ایک یہودیہ نے
اللهِ وَكُلُوا فَأَكَلُوا فَلَمْ يُصِبْ أَحَدًا مِنْهُمْ شَيْءٌ مس وَفِي حَدِيثِ
خدا تعالیٰ کا اور کہاؤ پس کہایا صحابہ نے پس نہ پہونچا اونمین سے کسیکو کچھہ ضرر ملا اور بیچ حدیث
مَسِيرِهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ إِلَى بَيْتِ
قصے جانے پیغمبر درود خدا کا ہو اوپر اور سلام ساتہ ابوبکر اور عمر کے طرف گہر
أَبِي الْهَيْثَمِ وَأَكْلِهِمُ الرُّطَبَ وَاللَّحْمَ وَشُرْبِهِمُ الْمَاءَ قَوْلُهُ
ابی ہیثم صحابی کے اور کہانے اونکے کے کہجور تر کو اور گوشت کو اور پیلنے اونکے پانی کو قول پیغمبر
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هَذَا هُوَ النَّعِيمُ الَّذِي تُسْأَلُونَ
صلے اللہ علیہ وسلم کا ہے کہ تحقیق یہ کہانا اور پینا وہ نعمت ہے کہ پوچہے جاؤگے تم
عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَلَمَّا كَبُرَ عَلَى أَصْحَابِهِ قَالَ إِذَا أَصَبْتُمْ
اوس سے دن قیامت کے پس جبکہ دشوار ہوگئی یہ بات اصحاب پیغمبر صلعم کے پر فرمایا حضرتؐ نے جسوقت کہ
مِثْلَ هَذَا وَضَرَبْتُمْ بِأَيْدِيكُمْ فَقُولُوا بِسْمِ اللهِ وَعَلَى بَرَكَةِ اللهِ
اور پاؤ تم مانند اسکے کو اور ڈالو تم ہاتہ اپنے یعنی کہانا شروع کرو پس کہو کہاتے ہین ہم ساتہ نام خدا کے اور اوپر برکت
فَإِذَا شَبِعْتُمْ فَقُولُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هُوَ أَشْبَعَنَا وَأَرْوَانَا
خدا کے پس جب سیر ہو چکو تم پس کہو سب تعریف ثابت ہے واسطے خدا کے جسنے سیر کیا ہمکو اور سیراب کیا ہمکو
وَأَنْعَمَ عَلَيْنَا وَأَفْضَلَ فَإِنَّ هَذَا كَفَافُ هَذَا مس
اور نعمت دی ہمیر اور بہت دی پس تحقیق یہ کہنا بدلہ ہے اس نعمت کا اور عوض ادای شکر اس نعمت

وَاِنْ نَسِيَ التَّسْمِيَةَ اَوَّلَ الطَّعَامِ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللهِ اَوَّلَهُ وَ

اور اگر بھول جاوے کوئی بسم اللہ کہنی پہلے کہانیکے پس کہے بسم اللہ کہتا ہون اول کہانے مین اور

اٰخِرَهُ دت س حب مس وَلَنْ اَكَلَ مَعَ مَجْذُوْمٍ اَوْ

آخر کہانے مین اور اگر کہانا کہاوے ساتھ جذامی کے

ذِيْ عَاهَةٍ قَالَ بِسْمِ اللهِ ثِقَةً بِاللهِ وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ ت ق

ساتھ آفت والے کے کہے کہاتا ہون مین ساتھ نام خدا کے اوسحال مین کہ اعتماد کرتا ہون تمدابر اور توکل کرتا ہون

حب مس ی فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ قَالَ

پس جب فارغ ہووے کہانا کہانے سے اور پانی پینے سے کہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ

سب تعریف ثابت ہے واسطے خدا کے تعریف بہت پاکیزہ بابرکت نہ کفایت کی گئی

وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا خ عه اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

اور نہ چھوڑی گئی اور نہ بے پروائی کی گئی اوس سے اے رب ہمارے قبول کر حمد ہمارا سب تعریف ہے

كَفَانَا وَاٰوَانَا غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مَكْفُوْرٍ خ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

کہ کفایت کیا ہمکو یعنی سب ضرورتوں ہماری کو قسم کہانے وغیرہ سے کفایت کیا اوسیر اپنا ہمکو درحالیکہ اللہ کی کفایت

اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عه ی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

کہ کہلایا ہمکو اور پلایا ہمکو اور کیا ہمکو مسلمانون سے سب تعریف ہے واسطے اوس خدا کے

الَّذِيْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَجَعَلَ لَهٗ مَخْرَجًا د س حب

کہ کہلایا اور پلایا اور آسان کیا نگلنا کہانے پانی کا حلق مین اور کی اوسکیلیے جگہ نکلنی کی

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ

سب تعریف ہے واسطے اوس خدا کے کہ کہلایا مجھکو یہ کہانا اور نصیب کیا مجھکو یہ بغیر حیلہ اور

حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ دت ق مس ی وَاِذَا اَكَلَ الطَّعَامَ

حرکت اور قوت کے میری طرف سے اور جب کہاوے کہانا پس

فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ دت ق

چاہیے کہ کہے یا اللہ برکت کر ہمارے لیئے اس مین اور کہلا ہمکو بہتر اس سے

فَاِنْ كَانَ الطَّعَامُ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا

پس اگر ہووے کہانا دودہ پس چاہیئے کہ کہے یا اللہ برکت دے ہمارے لیئے اسمیں اور زیادہ کر ہمکو

مِنْهُ د ت ق اِنَّ اللّٰهَ لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدِ اَنْ يَّاْكُلَ الْاَكْلَةَ

اس سے ف تحقیق اللہ تعالی البتہ راضی ہوتا ہے بندہ سے اور دوست رکہتا ہے یہ کہ کہاوے کہانا

فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا اَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهٗ عَلَيْهَا م ت س

پس تعریف کرے خدا کی اوسپر یا پیوے ایکبار پس تعریف کرے اوسکی اوسپر ف

وَاِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ مَنَّ

اور جب دہووے ہاتہ اپنے کہے سب تعریف ثابت ہے اوس خدا کے لیئے کہ کہلاتا ہے اور نہیں کہلایا جاتا احسان کیا

عَلَيْنَا فَهَدَانَا وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكُلَّ بَلَاۤءٍ حَسَنٍ اَبْلَانَا

ہمپر پس سیدہی راہ دکہائی ہمکو اور کہانا کہلایا ہمکو اور پانی پلایا ہمکو اور ہر نعمت خوب انعام کی ہمکو سب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ وَّلَا مُكَافٰى وَّلَا مَكْفُوْرٍ وَّلَا مُسْتَغْنًى

تعریف ہے واسطے خدا کے درحالیکہ وہ نعمت نہیں ترک کی گئی ہے اور نہ بدلا کی گئی ہے اور نہ ناشکری کی گئی ہے

عَنْهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ وَسَقٰى مِنَ

کی گئی اوس سے سب تعریف ہے اوس خدا کے لیئے کہ کہلایا ہمکو کہانا اور پلائی ہمکو پینے کی چیز

الشَّرَابِ وَكَسٰى مِنَ الْعُرْيِ وَهَدٰى مِنَ الضَّلَالَةِ وَبَصَّرَ

یعنے پانی اور دودہ وغیرہ اور پہنایا ہمکو ننگے پن سے اور راہ بتائی ہمکو گمراہی سے اور بینا کیا

مِنَ الْعَمٰى وَفَضَّلَ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

ہمکو اندہے پن سے اور بزرگی دی اوپر بہتوں کے اون لوگوں سے کہ پیدا کیا بزرگی دینی سب تعریف

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ س حب مس اَللّٰهُمَّ اَشْبَعْتَ

واسطے اللہ پروردگار عالموں کے ف یا اللہ سیر کیا تونے

وَاَرْوَيْتَ فَهَنِّئْنَا وَرَزَقْتَنَا فَاَكْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا

اور سیراب کیا تونے پس گوارا کر کہانے پینے ہمارے کو انجام بخیر ہو اور رزق دیا تونے ہمکو پس بہت دیا تونے

مو مص وَيَدْعُوْ لِاَهْلِ الطَّعَامِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ

اور دعا کرے کہلانے والے کیلیئے یا اللہ برکت دے اونکے لیئے

فِيمَا رَزَقْتَهُمْ فَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ م ت س مص

بیچ اوس چیز کے کہ رزق دی تو نے اونکو بس بخش اونکو اور مہربانی کر اونپر

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ م وَاِذَا لَبِسَ

یا اللہ کھلا میوے بہشت کے اوسکو کہ کھلایا مجھکو اور پلا اوسکو کہ پلایا مجھکو اور جب پہنے

ثَوْبًا قَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا هُوَ لَهٗ وَ

کچھ کپڑا تو کہے یا اللہ تحقیق مین مانگتا ہون تجھسے بہلائی اوسکی اور بہلائی کہ یہ کپڑا بنایا گیا ہے جسکے

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا هُوَ لَهٗ ی وَاِنْ كَانَ جَدِيْدًا سَمَّاهُ

اور پناہ پکڑتا ہون مین ساتھ تیرے برائی اوسکی سے اور برائی اوس چیز کی سے کہ بنایا گیا ہے یہ واسطے اوسکے اور جو ہووے نیا

بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْ غَيْرَهٗ ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ

ساتھ نام اوسکے کے پگڑی ہو یا کرتہ یا سوا اوسکے پھر کہے یا اللہ

لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْاَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ

تیرے ہی لیئے سب تعریف ہے تو نے پہنایا مجھکو یعنی بغیر مشقت میرے کے مانگتا ہون مین تجھسے بہلائی اوسکی اور بہلائی

وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ د ت س حب

اور پناہ مانگتا ہون مین تجھسے برائی اوسکی سے اور برائی اوس چیز کی سے کہ بنایا گیا ہے واسطے اوسکے

مس اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَ

سب تعریف ہے اللہ کیلئے جسنے پہنائی مجھکو وہ چیز کہ ڈہانپتا ہون مین ساتھ اوسکے ستر اپنا اور

اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ ت ق مص مس وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا

زینت کرتا ہون مین ساتھ اوسکے بیچ زندگانی اپنی کے اور جو کوئی پہنے کپڑا

فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ

پس کہے سب تعریف ہے خدا کے لیئے جسنے پہنایا مجھکو یہ لباس اور دیا مجھکو بغیر

حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ د ت

حیلے کے مجھسے اور بغیر قوت کے بخشا جاتا ہے اوسکے لیئے جو کچھ کہ پہلے گذرا ہے گناہ اوسکے سے

ق مس وَمَا تَاَخَّرَ د وَاِذَا رَاٰى عَلٰى صَاحِبِهٖ ثَوْبًا

اور وہ گناہ کہ پیچھے کیئے اور جب دیکھے یار اپنے پر کپڑا

جَدِيدًا قَالَ لَهُ تُبْلِي وَيُخْلِفُ اللهُ دمص اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ

نیا کہا اوسکے لیے پرانا کرے تو اور بدلے اوسکے اللہ کپڑا ف پرانا کر اور پرانا کر پھر

اَبْلِ وَاَخْلِقْ ثُمَّ د فَاِذَا خَلَعَ ثِيَابَهُ فَسِتْرُ مَا بَيْنَ اَعْيُنِ الْجِنِّ

پرانا کر کہو پرانا کر ف پس جب اوتارے کپڑا اپنا پس پردہ درمیان آنکھوں جن کے

وَعَوْرَتِهِ اَنْ يَقُوْلَ بِسْمِ اللهِ مص ى وَاِذَا هَمَّ بِاَمْرٍ

اور ستر اوسکے کہنا بسم اللہ کا ہے ف اور جب قصد کرے کسی کام کا

فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ

پس چاہیے کہ پڑھے دو رکعتین سوائے فرض کے پھر کہے یا اللہ تحقیق مین

اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ

مانگتا ہون تجھسے اس کام مین بھلائی ساتھ مدد علم تیرے کے اور قدرت مانگتا ہون تجھسے اور مانگتا ہون فضل تیرے سے اور سوال

مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا

فضل بڑے تیرے سے پس تحقیق تو قدرت رکھتا ہے ہر چیز پر اور نہین قدرت رکھتا مین کسی چیز پر اور جانتا ہے

اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ

جانتا مین اور تو بہت جاننے والا ہے پوشیدہ باتونکا یا اللہ جو جانتا ہے تو کہ تحقیق

هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ

یہ کام بہتر ہے میرے لیے دین میرے مین اور زندگانی میری مین اور انجام کار میرے مین

اَوْ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ

یا اس جہان مین اور اوس جہان مین پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور آسان کر پھر برکت دے

لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

میرے لیے اوس مین اور جو جانتا ہے تو کہ تحقیق یہ کام برا ہے میرے لیے دین میرے مین

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ

اور زندگانی میری مین اور انجام کار میرے مین یا اس جہان مین اور اوس جہان مین

فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ

پس پھیر اوسکو مجھسے اور پھیر مجھکو اوس سے اور حکم کر اور مہیا کر میرے لیے بھلائی جہان کہین ہو

لی فی

ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهٖ مَرْعِهِ إِنْ كَانَ خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَادِيْ

پھر راضی کر مجھکو ساتھ اسکے اگر ہووے یہ کام بہتر دین میں میرے اور آخرت میری میں

ویسره لی

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَقَدِّرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ وَبَارِكْ لِيْ

اور زندگانی میری میں اور انجام کار میں پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور برکت دے میرے لیے

فِيْهِ وَإِنْ كَانَ شَرًّا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَادِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ

اوس میں اور اگر ہووے یہ کام برا دین میں میرے اور آخرت میری میں اور زندگانی میری میں اور انجام کار

أَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَقَدِّرْ لِيَ الْخَيْرَ وَرَضِّنِيْ

میرے میں پس پھیر اسکو مجھسے اور پھیر مجھکو اس سے اور حکم کر اور مہیا کر میرے لیے بھلائی اور راضی کر مجھکو

بِهٖ حب مص خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَخَيْرًا لِّيْ فِيْ مَعِيْشَتِيْ

ساتھ اوسکے اگر ہووے یہ کام بہتر میرے لیے دین میں میرے اور اچھا میرے لیے زندگانی میں

وَخَيْرًا لِّيْ فِيْ عَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَ

اور اچھا میرے لیے انجام کار میرے میں پس حکم کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیے اور برکت دے میرے لیے اوس میں

إِنْ كَانَ غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِّيْ فَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُمَا كَانَ

اور جو ہووے سوا اسکے بہتر میرے لیے پس حکم کر میرے لیے بھلائی کو جہاں کہیں کہ ہو اور

وَرَضِّنِيْ بِقَدَرِكَ حب خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعِيْشَتِيْ

راضی کر مجھکو ساتھ تقدیر اپنی کے اور ایک روایت میں یوں ہے اگر ہووے یہ کام بہتر میرے لیے دین میں میرے اور زندگانی

للامر

وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ وَإِنْ كَانَ كَذَا وَكَذَا الْأَمْرُ

میری میں اور انجام کار میں پس حکم کر اوسکو میرے لیے اور آسان کر اوسکو میرے لیے اور اگر ہووے ایسا اور ایسا اشارہ کرے

الَّذِيْ يُرِيْدُ شَرًّا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعِيْشَتِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ

واسطے اوس کام کے کہ ارادہ کیا ہے برا میرے لیے دین میں میرے اور زندگانی میری میں اور انجام کار میرے میں

فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ ثُمَّ اقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ أَيْنَمَا كَانَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

پس پھیر اوسکو مجھسے پھر حکم کر میرے لیے بھلائی کو جہاں ہووے نہیں ہے پھرنا گناہوں سے اور نہ قوت عبادت پر

إِلَّا بِاللّٰهِ حب وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ فَإِنَّهُمَا

مگر ساتھ مدد اللہ کے اور مانگتا ہوں میں تجھسے بھلائی فضل تیرے سے اور رحمت تیری سے پس تحقیق فضل اور رحمت

بِيَدِكَ لَا يَمْلِكُهُمَا اَحَدٌ سِوَاكَ فَاِنَّكَ تَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ

بیچ ہاتھ قدرت تیری کے ہیں کہ نہیں مالک ہے ان دونوں کا کوئی سوا تیرے پس تحقیق تو جانتا ہے اور نہیں جانتا ہوں میں

وَتَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ

اور قدرت رکھتا ہے تو اور نہیں قدرت رکھتا ہوں اور تو بہت جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا یا اللہ اگر ہووے

هٰذَا الْاَمْرُ الَّذِيْ يُرِيْدُهٗ خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَفِيْ دُنْيَايَ وَ

یہ کام ایسا کام کہ ارادہ رکھتا ہے اسکا استخارہ کرنیوالا بہتر میرے لیئے دین میرے میں اور دنیا میری میں اور

عَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَوَفِّقْهُ وَسَهِّلْهُ وَاِنْ كَانَ غَيْرُ ذٰلِكَ خَيْرًا لِّيْ فَوَفِّقْنِيْ

انجام کار میرے میں پس توفیق دے اوسکی اور آسان کر اسکو اور جو ہووے سوا اسکے بہتر میرے لیئے پس توفیق دے مجھکو

لِلْخَيْرِ حَيْثُ كَانَ فَاِنْ كَانَ زِوَاجًا فَلْيَكْتُمِ الْخِطْبَةَ ثُمَّ

واسطے خیر کے جہاں ہووے پس جو ہووے کام نکاح پس چاہیئے کہ پوشیدہ کرے منگنی پھر

لِيَتَوَضَّأْ فَيُحْسِنْ وُضُوْءَهٗ ثُمَّ لِيُصَلِّ مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ ثُمَّ لِيَحْمَدِ اللّٰهَ

وضو کرے پس اچھا کرے وضو اپنا پھر نماز پڑھے جسقدر کہ مقدر کی ہے خدا نے اوسکے لیئے پھر چاہیئے کہ تعریف کرے

وَيُمَجِّدْهُ ثُمَّ لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا

خدا تعالیٰ کی اور بزرگی سے یاد کرے اسکو پھر کہے یا اللہ تحقیق تو قادر ہے اور نہیں قادر ہوں میں اور جانتا ہے تو اور نہیں

اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ فَاِنْ رَاَيْتَ اَنَّ فِيْ فُلَانَةَ

جانتا ہوں اور تو بہت جاننے والا ہے غیب کی باتوں کا پس جو جانتا ہے تو کہ تحقیق بیچ فلانی عورت کے اور ذکر کرے

وَيُسَمِّيْهَا بِاسْمِهَا خَيْرًا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَاٰخِرَتِيْ

اوسکو ساتھ نام اوسکے کے بھلا ہے میرے لیئے دین میرے میں اور دنیا میری میں اور آخرت میری میں

فَاقْدُرْهَا لِيْ وَاِنْ كَانَ غَيْرُهَا خَيْرًا مِّنْهَا لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَاٰخِرَتِيْ

پس نصیب کر اور مہیا کر اوسکو میرے لیئے اور جو ہووے سوا اس عورت کے بہتر اس سے میرے لیئے دین میرے میں اور آخرت

فَاقْدُرْهَا لِيْ حب مس مِنْ سَعَادَةِ ابْنِ اٰدَمَ اسْتِخَارَتُهُ

میری میں پس نصیب کر اوسکو میرے لیئے فـ نیکبختی بیٹے آدم کی سے ہے خیریت چاہنی اوسکی خدا

اللّٰهَ وَمِنْ شِقْوَتِهٖ تَرْكُهُ اسْتِخَارَةَ اللّٰهِ مص ت وَاِنْ تَوَلّٰى

تعالیٰ سے اور بدبختی بیٹے آدم کی سے ہے چھوڑنا اوسکا استخارہ کو خدا تعالیٰ سے اور جو متولی ہووے

عَقْدُ الْخُطْبَةِ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ
نکاح باندھنے کا یہ خطبہ نکاح ہے کہ سب تعریف اللہ کیلئے ہے تعریف کرتے ہیں ہم اسکی اور مدد چاہتے
وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ
اس سے اور پناہ پکڑتے ہیں ہم ساتھ خدا کے برائیوں نفس اپنی کی سے اور برائیوں عملوں اپنے کے سے جسکو راہ
يَّهْدِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَ
راہ دکھلاوے خدا ایس نہیں کوئی گمراہ کرنیوالا اسکو اور گمراہ کرے جسکو پس نہیں کوئی راہ دکھلانیوالا اسکو اور
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا
گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ اکیلا نہیں کوئی شریک اوسکا اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ
عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ
بندے اوسکے ہیں اور رسول اوسکے اے لوگو ڈرو پروردگار اپنے سے جسنے پیدا کیا تمکو
مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا
ایک جان سے یعنے حضرت آدم علیہ السلام سے اور پیدا کیا اوس سے جوڑا اسکا یعنے حضرت حوا اور پھیلائے ان دونو سے مرد
كَثِيْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ
بہت اور عورتیں اور ڈرو خدا سے جسکے نام سے مانگتے ہو آپس میں اور ڈرو قرابت سے یعنے ناتے کا
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
سے پرہیز کرو اور آپس میں محبت رکھو تحقیق اللہ ہے تم پر نگہبان اور اے لوگو جو ایمان لائے ہو ڈرو خدا سے
حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا
حق ڈرنے اوسکے کا اور ہرگز نہ مرو تم مگر اور تم مسلمان ہو یعنے ہمیشہ اسلام پر قائم رہو اور اے لوگو جو ایمان
اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ
اللہ سے اور کہو بات سیدھی یعنی جھوٹ نہ بولا کرو سنوار دیگا واسطے تمہارے عمل تمہارے اور بخشے گا اللہ گناہ تمہارے
الْاٰيَةَ عه مس عو وَرَسُوْلُهٗ اَرْسَلَهٗ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا
پڑھے سارا آیت ف اور رسول اوسکے بھیجا اونکو ساتھ حق کے حال یہ کہ خوشخبری دینے والے ہیں
بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ
اور ڈرانیوالے بھیجا اونکو آگے قیامت کے جو شخص پیروی کرے خدا تعالیٰ اور رسول اوسکے کی پس تحقیق راہ پائی

ومن يعصهما فانه لا يضر الا نفسه ولا يضر الله شيئا

اور جو کوئی نافرمانی کرے اسکے اور رسول کی پس تحقیق وہ نہین نقصان پونہچاتا ہے مگر جان اپنی کو اور نہین نقصان پونہچاتا

ونسال الله ان يجعلنا ممن يطيعه ويطيع رسوله

اور مانگتے ہین ہم اللہ سے یہ کہ کرے ہمکو اون لوگون سے کہ اطاعت کرتے ہین اللہ کی اور اطاعت کرتے ہین رسول

ويتبع رضوانه ويجتنب سخطه فانما نحن به وله مود

اور پیروی کرتے ہین خوشنودی اوسکی کی اور بچتے ہین غضب اوسکے سے پس سوا اسکے نہین کہ ہم ساتھ اوسکے ایمان لائے

ويقول لمن تزوج بارك الله لك خ م وبارك الله عليك

اور کہے واسطے اوس شخص کے کہ نکاح کرے برکت دے اللہ تعالی تیرے لیئے یعنی اولاد پیدا ہو اور برکت اوتارے اللہ تعالی

وجمع بينكما في خير عه حب مس آ و ق فبارك الله عليك

اور جمع کرے اور اتفاق دے درمیان تمہارے بیچ بھلائی کے یا کہے پس برکت اوتارے اللہ اوپر تیرے

خ م ت س ولما زوج صلى الله عليه وسلم عليا

اور جب نکاح باندھا پیغمبر صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رض کا ساتھ

فاطمة دخل البيت فقال لفاطمة ائتيني بماء فقامت

حضرت فاطمہ رض کے داخل ہوئے حضرت علی کے گھر مین پس فرمایا حضرت فاطمہ رض کو لا میرے پاس پانی پس کہڑی

الى قعب في البيت فاتت فيه بماء فاخذه ومج فيه ثم

طرف پیالے کے کہ گھر مین تھا پس لائین بیچ اوسمین پانی پس لیا پیالہ حضرت صلعم نے اور کلی ڈالی اوسمین پھر

قال لها تقدمي فتقدمت فنضح بين ثدييها وعلى راسها

فرمایا حضرت فاطمہ رض کو آگے آ پس آگے آئین پس چھڑکا پانی درمیان سینے اونکے اور سر اونکے پر

وقال اللهم اني اعيذها بك وذريتها من الشيطان الرجيم

اور کہا یا اللہ تحقیق مین تیری پناہ مین دیتا ہون فاطمہ رض کو اور اولاد اوسکی کو شیطان راندہ ہوئے سے

ثم قال لها ادبري فادبرت فصب بين كتفيها ثم قال

پھر فرمایا پیغمبر صلعم نے حضرت فاطمہ رض کو پیٹھ پھیر پس پیٹھ پھیری انہون نے پس ڈالا پانی درمیان دونون مونڈہون

اللهم اني اعيذها بك وذريتها من الشيطان الرجيم

یا اللہ تحقیق مین تیری پناہ مین دیتا ہون فاطمہ رض کو اور اولاد اوسکی کو شیطان راندہ ہوئے سے

ثُمَّ قَالَ ائْتُونِي بِمَاءٍ قَالَ عَلِيٌّ فَعَلِمْتُ الَّذِي يُرِيدُ فَقُمْتُ

پھر فرمایا لاؤ تم میرے پاس پانی کہا حضرت علی نے پس جانا میں نے جو کچھ ارادہ رکھتے ہیں حضرت پس کھڑا ہوا

فَمَلَأْتُ الْقَعْبَ مَاءً وَأَتَيْتُهُ بِهٖ فَأَخَذَهُ وَمَجَّ فِيهِ ثُمَّ قَالَ

میں پس بھر لیے پیالہ پانی سے اور لایا میں پیالہ حضرت کے پاس پس لیا اوسکو اور کلی ڈالی اوسمیں پھر فرمایا

تَقَدَّمْ فَتَقَدَّمْتُ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِي وَبَيْنَ يَدَيَّ ثُمَّ قَالَ

آگے آ پس آگے آیا میں پس ڈالا پانی سر میرے پر اور آگے میرے یعنے سینے پر پھر کہا

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهُ بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

یا اللہ تحقیق میں تیری پناہ دیتا ہوں اوسکو اور اولاد اوسکی کو شیطان راندے ہوئے سے

ثُمَّ قَالَ أَدْبِرْ فَأَدْبَرْتُ فَصَبَّ بَيْنَ كَتِفَيَّ وَقَالَ اللّٰهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهُ

پھر فرمایا پیٹھ پھیر پس پیٹھ پھیری میں نے پس ڈالا پانی درمیان مونڈھوں میرے کے اور فرمایا یا اللہ تحقیق میں

بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ثُمَّ قَالَ ادْخُلْ

اسکو اور اولاد اوسکی کو شیطان راندے ہوئے سے پھر فرمایا حضرت علی کو داخل ہو ساتھ

بِأَهْلِكَ بِسْمِ اللّٰهِ وَالْبَرَكَةِ حب وَإِذَا دَخَلَ بِأَهْلِهٖ

اہل اپنے کے ساتھ نام خدا کے اور برکت کے عد اور جب آوے کوئی بی بی اپنے کے پاس یعنی

أَوِ اشْتَرٰى رَقِيقًا فَلْيَأْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا د س ص ثُمَّ

یا خریدے بردہ پس چاہیئے کہ پکڑے بال پیشانی اوسکی کے ف پھر

لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَ

کہے یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اسکی اور بھلائی اوس چیز کی کہ پیدا کیا تو نے اوسکو اوس پر یعنی

أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ د س ق ص

پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیری برائی اوسکی سے اور برائی اوس چیز کی سے کہ پیدا کیا تو نے اوسکو اوپر اسکے

مص وَكَذٰلِكَ فِي الدَّابَّةِ وَيَأْخُذُ بِذِرْوَةِ سَنَامِ الْبَعِيرِ

اور اسی طرح کرے بیچ چارپایہ کے یعنی گھوڑا وغیرہ خریدے بال پیشانی کے پکڑ کر کہے وہ چاہیئے اور پکڑے کوہان کی

د س ص وَكَانَ إِذَا اشْتَرٰى مَمْلُوكًا قَالَ اللّٰهُمَّ بَارِكْ

ھ اور تھے ابن مسعود جس وقت کہ خریدتے تھے غلام کہتے تھے یا اللہ برکت کر میرے لیے

فِيهِ وَاجْعَلْهُ طَوِيلَ الْعُمُرِ كَثِيرَ الرِّزْقِ موص وَإِذَا
آمین اور کر اسکو بڑی عمر والا بہت رزق والا ف اور جب

أَرَادَ الْجِمَاعَ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَ
ارادہ کرے کوئی جماع کا کہے ساتھ نام خدا کے یہ کام کرتا ہوں میں یا اللہ دور رکھ ہمکو شیطان سے

جَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا فَإِذَا أَنْزَلَ قَالَ اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ
دور رکھ شیطان کو اوس چیز سے کہ نصیب کرے تو ہمکو یعنی اولاد ف پس جب منزل ہووے کہے یا اللہ مکر

لِلشَّيْطَانِ فِيمَا رَزَقْتَنِي نَصِيبًا موص وَإِنْ أُتِيَ بِمَوْلُودٍ
واسطے شیطان کے بیچ اوس چیز کے کہ نصیب کی تونے مجھکو حصہ اور اگر پیدا ہووے بچہ اذان کہے

أَذَّنَ فِي أُذُنِهِ حِينَ وِلَادَتِهِ دت وَوَضَعَهُ فِي حِجْرِهِ وَ
کان اوسکے میں وقت پیدا ہونے اوسکے کے اور رکھے اوسکو گود اپنی میں اور

حَنَّكَهُ بِتَمْرَةٍ وَدَعَا لَهُ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ خ م وَأَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ
تحنیک کرے اسکو ساتھ کھجور کے اور دعا کرے اوسکیلیئے اور دعا برکت کرے اوسپر ف اور حکم کیا پیغمبر صلے

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَسْمِيَةِ الْمَوْلُودِ يَوْمَ سَابِعِهِ وَوَضْعِ الْأَذَى
اللہ علیہ وسلم نے ساتھ نام رکھنے بچے کے ساتوین دن یعنے پیدا ہونے اوسکے اور ساتھ دور کرنے

عَنْهُ وَالْعَقِّ ت وَتَعْوِيذُ الطِّفْلِ أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ
اوس سے اور حکم کیا ساتھ عقیقے کے اور تعویذ لڑکے کا یہ ہے پناہ پکڑتا ہوں میں ساتھ کلموں پورے خدا کے

مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ خ عه
برائی ہر شیطان کی سے اور کاٹنے والے زہریلے کیسے اور برائی ہر نظر لگ جانیوالے کیسے

ر وَإِذَا أَفْصَحَ الْوَلَدُ فَلْيُعَلِّمْهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ى وَكَانَ إِذَا
اور جب بولنے لگے لڑکا پس چاہیئے کہ سکھاوے اوسکو لا الہ الا اللہ اور تھے نبی صلعم کہ جب

أَفْصَحَ الْوَلَدُ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلَّمَهُ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي
بولنے لگتا کوئی لڑکا اولاد عبد المطلب کی سے سکھاتے تھے اسکو یہ آیت اور کہہ سب تعریف واسطے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا الْآيَةَ ى اضْرِبُوهُ عَلَى الصَّلٰوةِ لِسَبْعٍ وَاعْزِلُوا
خدا کے ہے جسنے نہیں پکڑا بیٹا ساری آیت اور مارو تم فرزند کو اوپر چھوڑنے نماز کے وقت ہو پہنچے کی سات برس

فِرَاشِهٖ لِتِسْعٍ وَزَوِّجُوهُ لِسَبْعَ عَشَرَةَ فَاِذَا فَعَلَ ذٰلِكَ فَلْيُجْلِسْهُ

بچھونا انکا وقت پہنچنے کے نو برس کی عمر کو اور نکاح کرو اوسکا وقت پہنچنے کے ستر برس کی عمر کو پس جب کرے

بَيْنَ يَدَيْهِ ثُمَّ يَقُلْ لَا جَعَلَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِتْنَةً ى وَاِنْ كَانَ

آگے اپنے پیچھے نہ گردانے تجھکو اللہ مجھپر فتنہ اور موجب آزمایش اور گمراہی کا اور اگر ہووے

سَفَرًا صَافِحْ وَقَالَ حب اَيِ الْمُقِيمُ اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَ

کوئی سفر کرنے والا مصافحہ کرے مقیم اور کہے سونپتا ہوں میں اللہ کو دین تیرا اور امانت

اَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ س د ت مس حب وَاَقْرَءُ عَلَيْكَ

تیری اور آخری عمل تیرے یعنے خاتمہ بخیر ہو ف اور کہتا ہوں میں تجھپر

السَّلَامَ س وَيَقُولُ لِمَنْ يُوَدِّعُهُ اَسْتَوْدِعُكَ اَوْ اَسْتَوْدِعُكُمْ

سلام اور کہے مسافر اوس شخص کو کہ رخصت کرتا ہے سونپتا ہوں میں تجھے یا تمکو اوس

اللّٰهَ الَّذِي لَا يَخِيبُ اَوْ لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ ى ط ب وَمَنْ قَالَ

خدا کو کہ سلامت رہتی ہیں یا نہیں ضائع ہوتی ہیں امانتیں پاس اوسکے اور جو کوئی کہے

لَهُ اُرِيدُ السَّفَرَ فَاَوْصِنِي قَالَ لَهُ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالتَّكْبِيرِ

مقیم کو کہ ارادہ رکھتا ہوں میں سفر کا پس نصیحت کر مجھکو کہے مقیم اسکو لازم کر لینے پر تقوی خدا کا اور لازم کرا سکو تکبیر

عَلَى كُلِّ شَرَفٍ فَاِذَا وَلَّى قَالَ اللّٰهُمَّ اطْوِلَهُ الْبُعْدَ وَهَوِّنْ

کہنا ہر بلندی پر پس جب پیٹھ پھیرے مسافر کہے مقیم یا اللہ لپیٹ اسکے لیے درازی راہ کی اور آسان کر

عَلَيْهِ السَّفَرَ ت س ق زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى وَغَفَرَ ذَنْبَكَ

اوپر مشقت سفر کی توشہ دے تجھکو اللہ پرہیزگاری اور بخشے گناہ تیرے

وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ ت مس حب جَعَلَ اللّٰهُ التَّقْوَى

اور آسان کرے تیرے لیے بھلائی یعنے توفیق دنیا اور آخرت کی بھلائی کی جہاں کہیں ہووے کرے اللہ تقوی کو

زَادَكَ وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَوَجَّهَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُمَا تَوَجَّهْتَ ر ط

توشہ تیرا اور بخشے گناہ تیرے اور پیش لاوے تیرے لیے بھلائی جہاں کہ متوجہ ہووے تو ط

وَاِذَا اَمَّرَ اَمِيرًا عَلَى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِي خَاصَّتِهٖ

اور جب امیر کرتے تھے حضرت صلعم کسیکو بڑے لشکر یا چھوٹے لشکر پر نصیحت کرتے تھے اوسکو بیچ حق نفس اوسکی

بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اغْزُوْا
ساتھ تقویٰ خدا کے اور نصیحت کرتے سکو بیچ حق ہمراہیوں اوسکے کے مسلمانوں سے ساتھ بھلائی کرنیکے پھر فرماتے
بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اغْزُوْا وَلَا تَغُلُّوْا
ساتھ نام خدا کے لڑو نہ خیانت کرنا تم غنیمت میں اور نہ عہد توڑنا تم اور نہ مثلہ کرنا تم یعنی ناک کان وغیرہ
وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا مَعَهٗ انْطَلِقُوْا
کافروں کے نہ کاٹنا اور نہ مارنا تم لڑکوں کو اور ایک روایت میں یوں آیا ہے جاؤ تم برکت ڈھونڈتے
بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُوْا شَيْخًا
ساتھ نام خدا کے اور مدد چاہتے ہوئے ساتھ خدا کے اور ثابت رہنے والے اوپر دین رسول خدا کے نہ مارنا
فَانِيًا وَّلَا طِفْلًا وَّلَا صَغِيْرًا وَّلَا امْرَاَةً وَّلَا تَغُلُّوْا وَضُمُّوْا
فانی کو اور نہ دودھ پیتے لڑکے کو اور نہ عورت کو اور نہ خیانت کرنا تم غنیمت میں اور جمع کرنا تم
غَنَائِمَكُمْ وَاَصْلِحُوْا وَاَحْسِنُوْا اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ د فَاِذَا
لوٹوں اپنی کو اور درست کرو معاملت آپس کے اور احسان کرنا تم تحقیق خدا دوست رکھتا ہے نیکو کاروں کو پس جب
مَشٰى مَعَهُمْ قَالَ انْطَلِقُوْا عَلَى اسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اَعِنْهُمْ فَسَوْ
چلنے تھے آنحضرت صلعم ساتھ لشکر کے رخصت کیلیے فرماتے تھے چلو تم اعتماد کیے ہوئے اوپر ذات خدا کے الٰہی
اِذَا اَرَادَ سَفَرًا قَالَ اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصُوْلُ وَبِكَ اَحُوْلُ وَبِكَ
جب ارادہ کرے کوئی سفر کا کہے یا اللہ ساتھ قوت تیری کے حملہ کرتا ہوں میں اور ساتھ مدد تیری کے حیلہ کرتا ہوں
اَسِيْرُ وَاِنْ خَافَ مِنْ عَدُوٍّ اَوْ غَيْرِهٖ فَقِرَاءَةُ لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ
چلتا ہوں میں اور جو ڈرے کوئی دشمن سے کہ آدمی ہو یا سوا اوسکے سے پس پڑھنا سورہ لایلاف کا
